الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

10دسمبر، 2021

خیبر پختونخوا میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے میں الیکشن کمیشن نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر کئی صوبائی وزراہ، ممبر قومی اسمبلی اور ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کو الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت جرمانہ کر دیا ہے۔ اور مزید خلاف ورزی کرنے پر وارننگ بھی جاری کر دی گئی ہے۔ مزید خلاف ورزی پر کیس الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پاس بھیج دیا جائے گا۔ جس پر قانون کے مطابق باضابطہ کاروائی ہوگی۔

ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر ڈیرہ اسماعیل خان نے کل 9 دسمبر، 2021 کو وفاقی وزیر علی آمین گنڈا پور کو 50 ہزار روپے جبکہ 10 دسمبر 2021 کو ممبر صوبائی اسمبلی PK-96 احمد کریم کنڈی کو 30 ہزار روپے ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا، لطف الرحمٰن کو 10 ہزار روپے جرمانہ کر دیا ہے۔ جبکہ ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر بنوں نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر صوبائی وزیر شاہ محمد خان کو 50 ہزار، ممبر قومی اسمبلی زاہد خان دُرانی کو بھی 50 ہزار روپے جرمانہ کر دیا ہے اس کے ساتھ ممبر صوبائی اسمبلی ملک شیر اعظم خان وزیر اور ملک پختون یار خان کو 50 ، 50 ہزار روپے جرمانہ کر دیا ہے۔

ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر بنوں نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر اپوزیشن لیڈر اکرم خان دُرانی کو 11 دسمبر 2021 کو اپنے دفتر میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔